حرفِ اوّل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رجوع الی القرآن کورس میں نئے داخلے

تقریباً نو ماہ کے دورانیے پر مشتمل ''رجوع الی القرآن کورس'' مرکزی انجمن خدام القرآن کی تعلیمی مساعی میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ یہ کورس بحمد اللہ بیس بائیس سال سے انتہائی پابندی کے ساتھ منعقد کیا جا رہا ہے اور اب تک کثیر تعداد میں خواتین و حضرات اس کورس سے اپنی علمی پیاس بجھانے کا سامان کر چکے ہیں۔ اس سال بھی ان شاء اللہ العزیز ۵ ستمبر سے اس کورس کا نیا سیشن شروع ہو رہا ہے جس میں اب تک پچاس کے قریب خواتین و حضرات اپنا داخلہ کنفرم کروا چکے ہیں۔ اتنی کثیر تعداد میں تعلیم یافتہ خواتین و حضرات کا فہم قرآن کے حصول کے لیے سال بھر کا وقت فارغ کرنے کا فیصلہ کر لینا یہ ظاہر کرتا ہے کہ ہمارا معاشرہ ابھی سعادت سے بانجھ نہیں ہوا اور اس میں دعوت الی الخیر اور رجوع الی القرآن کی پکار پر لبیک کہنے والے موجود ہیں۔ اس کورس کے شرکاء کی بڑھتی ہوئی تعداد سے اس حقیقت کی غمازی بھی ہوتی ہے کہ مرکزی انجمن خدام القرآن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ نے آج سے قریباً چالیس سال قبل رجوع الی القرآن کا جو پودا لگایا اور اسے ایک طویل عرصے تک اپنے خونِ جگر سے سینچا' اب وہ ایک تناور درخت بن کر برگ و بار لا رہا ہے۔

رجوع الی القرآن کورس سے ہر سال استفادہ کرنے والے مرد و خواتین میں سے کچھ نہ کچھ تعداد ایسی سعید روحوں کی بھی ضرور نکل آتی ہے جو دروسِ قرآن کے حلقوں اور تدریس عربی کی کلاسز کے ذریعے تعلّم و تعلیم قرآن کے اس ''بہترین'' کام میں مشغول ہو جاتی ہیں۔ چنانچہ اس سال اس کورس کو جن اساتذۂ کرام کی رفاقت و راہنمائی میسر ہے وہ سب اسی کورس کے فارغ التحصیل ہیں اور اب اعزازی طور پر تدریس کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

کورس کو ترتیب دیتے ہوئے اس امر کو ملحوظ رکھا گیا ہے کہ شرکاء نہ صرف عربی زبان کے بنیادی قواعد اور اسالیب سے واقف ہو جائیں تاکہ قرآن حکیم کی ابدی ہدایت سے براہِ راست استفادے کی راہ ہموار ہو سکے' بلکہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کا صحیح تصور اور فرائض دینی کا ایک جامع خاکہ بھی ان پر واضح ہو جائے۔ مزید برآں مطالعۂ احادیث نبویؐ کا ایک مختصر نصاب' تجوید' ترجمہ و ترکیب قرآن اور مطالعۂ فقہ بھی شامل نصاب ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب عزیز کے تعلّم و تعلیم کے ضمن میں ہونے والی جملہ مساعی کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ ○○